# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: **مظفر آباد کالال قلعہ** | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، لفظی جیب، تین پرچیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، گتے کا بنا ہوا پہیا، قلعے کی تصویر

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں انھیں قلعے کی تصویر دکھائیں۔
- بچوں کو تصویر سے متعلق بات چیت کرنے اور اس سے متعلق تین سے چار جملے بولنے کے لیے کہیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو باری باری تصویر سے متعلق بنائے ہوئے جملے سنانے کے لیے کہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق "مظفر آباد کالال قلعہ" پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔
- سبق میں دیے گئے ''تلفظ سیکھیں'' میں سے چند الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ کارڈ اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔
- جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔

اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 31 کھلوائیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ میز پر گتے کا بنا ہوا ایک پہیا رکھیں، جس پر چار مختلف خانے بنے ہوں، جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوں۔
- کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔
- پہیا جس نمبر پر رکے گا، وہ گروہ کے اسی پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔

| |
|---|
| • اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگراف یا جملوں کی خواندگی کروائیں۔<br>• بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے سبق سے متعلق سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہو الفظ پڑھے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: **مظفر آباد کا لال قلعہ** | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گیند، پلاسٹک کی بوتلیں، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں، صفحہ نمبر 33 پر دیے گئے الفاظ اور ان کے معانی پر مشتمل پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گزشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرا جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 33 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "اَن بَن" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔
- درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ)اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔اب مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ)ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| عہد | |
| اَن بَن | |
| حملہ آور | |
| رخنہ | |
| مُنہدِم | |

# سبقی منصوبہ بندی

| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| --- | --- | --- |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: **مظفر آباد کا لال قلعہ** | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گتے کا ڈبا، کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں، 5 آئس کریم اسٹکیں جن پر چار مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں۔

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق سے متعلق کوئی سے چار سوالات اور ان کے جوابات کاغذ کی پرچیوں پر لکھ لیں اور انھیں بچوں میں تقسیم کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے پاس موجود کارڈ کو پڑھیں۔
- تختۂ تحریر پر دو کالم بنا کر ایک پر سوال اور دوسرے پر جواب کی سرخی لکھ دیں۔
- استاد بچوں سے کہیں کہ وہ تمام بچے اپنے ہاتھ بلند کریں، جن کے پاس سوالات والی پرچیاں ہیں۔
- سوالات پر مبنی پرچیوں والے بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری اپنا سوال سنائیں اور سوالات والے کالم کے پاس کھڑے ہوتے جائیں۔
- جب تمام سوالات کے کارڈ والے بچے اپنی متعلقہ جگہ پر پہنچ جائیں تو استاد باری باران سے اپنے اپنے سوال کو پڑھنے کے لیے کہیں۔
- تمام بچے غور سے سوال سنیں اور پھر جس بچے کے پاس اس کا درست جواب ہو، وہ سوال کے اختتام پر بنگو کہتا ہوا اس بچے کے پاس جا کر کھڑا ہو جائے اور جواب پڑھے۔
- اسی طرح تمام سوالات کے جوابات حاصل کریں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- ایک کپ میں 5 آئس کریم اسٹک رکھ دیں، جن پر 5 مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں، جن پر تفہیم میں پوچھے گئے سوالات لکھے ہوں۔
- دوسرے کپ میں 5 آئس کریم اسٹک رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹک پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔
- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی اسٹک میں سے کوئی اسٹک اٹھا لے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کر کے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔

| |
|---|
| • اب بچوں سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹک پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔<br>• اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی اسٹک آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (5 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | **سبق کا نام: مظفر آباد کا لال قلعہ** | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

درست اور غلط جملوں کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/ چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے سوالات بورڈ پر لکھیں۔ جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں ایک ایک سوال دیں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور انھیں باہم مشورے سے جواب دینے کے لیے کہیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئیں اور پوچھے گئے سوال کا جواب لکھیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 34 کھلوائیں۔
- جماعت میں بچوں کے چھے گروہ بنا دیں۔
- انھیں سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- انھیں پہلے سے بتا دیں کہ مشق میں دیے گئے سوال (2 اور 3) کے بارے میں ان سے کوئی بھی سرگرمی کروائی جا سکتی ہے۔
- انھیں کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد سوال نمبر 2 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی چھے پرچیاں اس طرح بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے چار چار ممکنہ جوابات لکھیں ہوں۔
- اب ایک ٹوکری میں چھے پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری سارے گروہوں کے پاس لے جائیں اور ہر گروہ میں سے ایک بچہ ایک پرچی اُٹھالے۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ہدایت دیں کہ پرچی کھول کر اس کا سوال پڑھیں اور باہم مشورے سے اسکے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران بورڈ پر بھی تمام سوالات ان کے ممکنہ جوابات کے ساتھ لکھ دیں۔
- اب ہر گروہ سے ایک لیڈر کو بلوائیں اور ہدایت دیں کہ جس سوال کی پرچی اس کے پاس آئی ہو گی بورڈ پر آکر اس سوال کو تلاش کرے اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب ہونے کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔

| |
|---|
| • اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔<br>• اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں ہر گروہ کو غلط / درست فقرات پر مبنی ایک ایک کارڈ دیں جن کو پڑھ کر وہ درست اور غلط کی نشاندہی کر سکیں۔<br>• انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔<br>• اس دوران بورڈ پر وہی جملے لکھیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلوائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے جملوں میں دیکھے کہ اس کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟<br>• پھر جملے کی خواندگی کرتے ہوئے اس کے غلط یا درست ہونے کی نشان دہی کرے۔<br>• جماعت میں باقی گروہوں سے بھی سرگرمی مکمل کرواتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) سبق سے متعلق مختلف فقرات تھوڑے سے ردوبدل کر کے لکھیں اور طلبہ کی فہم کو جانچنے کے لیے انھیں ان فقرات کی درستی کرنے کے لیے کہیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام:**مظفر آباد کا لال قلعہ** | |

**مقاصد:** برقی میڈیا سے اپنی پسند کا مواد سن کر یا دیکھ کر ساتھیوں کو سنا سکیں۔

تصاویر دیکھ کر مناظر کے بارے میں بات کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کُتب اُردو جماعت پنجم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے سوال نمبر 3 کے فقرات بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں کے ناموں کی پرچیاں بنائیں۔
- اب ایک ایک کر کے کوئی سی چار پرچیاں کھول کر بچوں کو بورڈ پر بلائیں اور انھیں بورڈ پر آ کر ایک ایک جملے کے غلط یا درست ہونے کی نشان دہی کروائیں۔
- درست نشان دہی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- سوال نمبر 4 کی سرگرمی کے لیے بچوں کے گروہ بنائیں۔
- بچوں سے کہیں انھیں کسی تاریخی عمارت کی معلوماتی فلم دکھائی جائے گی۔
- انھیں وہ فلم غور سے دیکھنی ہے اور پھر اس کے بارے میں بات کرنی ہے۔
- فلم دیکھنے کے بعد ہر گروہ کو دکھائی جانے والی تاریخی عمارت سے متعلق بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔
- اس دوران میں بچوں کی رہ نمائی کریں۔
- اس کے بعد سوال نمبر 5 کی سرگرمی کروانے کے لیے دی گئی تصاویر کے تصویری فلیش کارڈز بچوں کے چار گروہوں میں ایک ایک دیں۔
- انھیں ہدایت کریں کہ تفویض کردہ عمارتوں کی اہمیت دو دو جملوں میں بتائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ایک بچے کو بلائیں۔
- اسے تصویر کو بورڈ پر چسپاں کرنے اور اس کا نام لکھنے کی ہدایت کریں۔
- پھر وہ اس عمارت کی اہمیت دو جملوں میں پوری جماعت کو بتائے گا۔
- درست سرگرمی کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) جماعت میں کروائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) ویڈیو میں دکھائی جانے والی عمارت کے بارے میں سوالات کریں اور بچوں کی فہم کا جائزہ لیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم:یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: **مظفر آباد کا لال قلعہ** | |

**مقاصد:** اکاون سے اسی تک لفظی گنتی لکھ سکیں۔

ابلاغ کے ذرائع سے معلومات حاصل کر کے جماعت میں پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سوال نمبر 6 کی سرگرمی کروانے کے لیے گتے کا ایک پہیہ بنائیں اور اس پر دس چارٹ کی پرچیاں چسپاں کریں جن پر 51 تا 80 کوئی سی دس ہندسی گنتی لکھی ہو۔
- پہیہ گھومتے ہوئے جس نمبر پر رُکے بچے سے وہ ہندسے بورڈ پر لفظی گنتی میں لکھنے کے لیے کہیں۔
- یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔
- درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- قائداعظم ریزیڈنسی کی اخبار میں دی گئی رپورٹ یا کسی کمپیوٹر سے ڈاؤن لوڈ کی گئی رپورٹ سے بچوں کو معلومات فراہم کریں۔
- انھیں بتائیں قائداعظم ریزیڈنسی کوئٹہ سے 122 کلو میٹر دور زیارت کے پُر فضا مقام پر ایک تاریخی عمارت ہے۔
- اس رہائش گاہ کی تاریخی اہمیت میں اس وقت اضافہ ہوا جب قیامِ پاکستان کے بعد 1948 میں قائداعظم اپنے معالج کے مشورے سے یہاں رہائش پذیر ہوئے اور اپنی زندگی کے آخری ایام یہاں بسر کیے۔
- یہ رہائش گاہ اعلیٰ فنِ تعمیر کا منہ بولتا ثبوت ہے۔
- انھیں بتائیں صوبہ بلوچستان کو قائداعظم ریزیڈنسی کی تصاویر سے بھی متعارف کروایا جاتا ہے۔
- اس عمارت کو اب عجائب گھر میں تبدیل کر دیا گیا ہے جہاں قائداعظم کے زیرِ استعمال رہنے والی اشیاء کو نمائش کے لیے رکھا گیا ہے۔
- ملک بھر سے سیاح اس تاریخی مقام کو دیکھنے آتے ہیں۔
- معلومات دینے کے بعد ہر گروہ سے اس سے متعلق آپس میں بات چیت کرنے اور اس سے بنیادی معلومات اکٹھی کر کے ایک دوسرے کو بتانے کو کہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اکاون تا اسی لفظی گنتی بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے اردو ہندسوں میں لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

# ورک شیٹ

**لفظی گنتی کے سامنے اردو ہندسی گنتی لکھیں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اکاون | __________ | پچپن | __________ | انسٹھ | __________ |
| باون | __________ | چھپن | __________ | ساٹھ | __________ |
| ترپن | __________ | ستاون | __________ | | |
| چون | __________ | اٹھاون | __________ | | |